© rasailojaraid.com


مولانا حامد الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## جماعت اسلامی کے امیر جناب سراج الحق سراج کی دارالعلوم آمد:

۳۱ اگست ۲۰۱۴ء کو جماعت اسلامی پاکستان کے سربراہ و امیر جناب سراج الحق سراج صاحب جامعہ حقانیہ تشریف لائے۔ آپ نے دفتر اہتمام میں حضرت مہتمم صاحب سے موجودہ ملکی سیاسی بحران کے سلسلے میں خصوصی مشاورت کی اور جماعت اسلامی کے زیراہتمام منعقدہ اسلام آباد کانفرنس کی دعوت بھی مولانا مدظلہ کو دی۔ اسی طرح ملک کی معروف علمی ،دینی اور صحافتی حوالے سے نامور شخصیت حضرت مولانا زاہد الراشدی صاحب بھی اِسی روز دارالعلوم تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے تفصیلی ملاقات کی۔ بعد میں اِن دونوں حضرات نے ماہنامہ ''الحق'' کے منیجر جناب شفیق الدین فاروقی مرحوم کی تعزیت بھی حضرت مولانا مدظلہ سے کی۔

## جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے سیکرٹری جنرل کی دارالعلوم آمد:

۱۳ر ستمبر ۲۰۱۴ء کو جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے سیکرٹری مولانا عبدالقادر لونی گزشتہ دنوں دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ انہوں نے راقم سے ملاقات کی اور موجودہ ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

## مولانا مدظلہ کا دورۂ عرب امارت و کراچی:

۶ر ستمبر ۲۰۱۴ء کو حضرت مہتمم صاحب کراچی کے دو روزہ سفر پر تشریف لے گئے ،آپ نے وہاں پر ایک اہم کانفرنس میں شرکت کی اور مختلف علماء و مشائخ سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ پھر بعد میں ۸ر ستمبر ۲۰۱۴ء کو عرب امارت تشریف لے گئے اور وہاں پر چندروز قیام کیا اور مختلف علمی و سماجی شخصیات سے ملاقاتیں رہیں۔

## حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا سفرحج:

۲۳ ستمبر ۲۰۱۴ء کو حضرت مہتمم صاحب مدظلہ بمعہ اہل و عیال کے سفرحج پر روانہ ہوگئے۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کو سعودی حکومت نے مراسم الملکی (شاہی مہمان) کا درجہ دیا ہے۔ان شاء اللہ ۱۴ اکتوبر کو اِن کی واپسی ہوگی۔ اسی طرح دارالعلوم کے استاد مولانا مفتی مختار اللہ حقانی ، ناظم تعلیمات مولانا وصال احمد اور مولانا لقمان الحق حقانی بھی امسال سفرحج کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

© rasailojaraid.com